07-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- BRICSرہنماؤں نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے اور ہر طرح کی دہشت گردی سے لڑنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے BRICS سربراہ کانفرنس سے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف بندشیں عائد کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔

3- انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں چناؤ فہرستوں پر خصوصی نظرِثانی کا کام، ووٹروں کے سرگرم تعاون کے ساتھ خوش اسلوبی سے جاری ہے۔

4- امریکہ کے شہر Texas میں اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 80 تک جا پہنچی ہے۔

5- اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی سے متعلق پہلے دور کی بالواسطہ بات چیت، بغیر کسی معاہدے کے ختم ہوگئی۔

6- بھارت نے اینڈرسن۔تندولکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ میں انگلینڈ کو 336 رن کے بڑے اسکور سے شکست دے دی۔ اس طرح پانچ میچوں کی یہ سیریز ایک۔ایک سے برابر ہوگئی ہے۔ اور

7- ہرونِدر سنگھ نے بیجنگ میں معذور افراد کی تیر اندازی کی ایشیائی چیمپین شپ میں سونے کے دو تمغے حاصل کیے ہیں۔x

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM BRICS Peace Security**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف پابندیاں عائد کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین اور حامیوں کو، ایک پیمانے پر نہیں رکھا جا سکتا۔

برازیل میں BRICS سربراہ کانفرنس میں امن و سلامتی سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج دہشت گردی، انسانیت کو درپیش سب سے زیادہ سنگین چیلنج کے

طور پر ابھری ہے۔ انھوں نے کہا کہ 22 اپریل کو پہلگام میں دہشت گردانہ حملہ، بھارت کی روح، شناخت اور وقار پر براہِ راست حملہ تھا۔

وزیراعظم نے کہا کہ اگر کوئی ملک، دہشت گردی کی براہِ راست یا بالواسطہ حمایت کرتا ہے تو اُسے اِس کی قیمت ادا کرنی ہوگی۔

انھوں نے کہا کہ BRICS کے رکن ممالک کو دہشت گردی اور اس کے حامیوں کے خلاف ایک گروپ کے طور پر مِل کر آواز اٹھانی چاہیے۔ جناب مودی نے کہا کہ دہشت گردی کی مذمت، ہمارا اصول ہونا چاہیے نہ کہ محض سہولت۔

انھوں نے کہا کہ بھارت کا یہ پختہ یقین ہے کہ حالات کتنے ہی مشکل کیوں نہ ہوں، انسانیت کی بھلائی کے لیے امن کا ہی راستہ متبادل ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے یہاں جنگ اور تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ انسانیت کی ترقی، محض امن اور محفوظ ماحول میں ممکن ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ BRICS کا، اِس مقصد کو پورا کرنے میں نہایت اہم رول ہے۔x

**BRICS Summit Terrorism**

برازیل کے شہر Rio de Janerio میں جاری BRICS سربراہ کانفرنس میں ایک اہم قدم "رہنماؤں کے اعلامیے" میں 22 اپریل کو جموں و کشمیر میں کیے گئے دہشت گردانہ حملے کی سخت ترین مذمت کی گئی ہے۔ اِس حملے میں 26 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

BRICSرہنماؤں نے ہر طرح کی دہشت گردی سے لڑنے کے عزم کو دوہرایا جس میں سرحد پار سے دہشت گردوں کی نقل و حرکت، دہشت گردی کے لیے رقوم فراہم کرنا اور اُن کی محفوظ پناہ گاہیں شامل ہیں۔ اعلامیے میں زور دے کر کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی یقین دہانی کی جائے اور دہشت گردی سے لڑنے میں دوہرے معیارات کو مسترد کیا جائے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Sudhindra**

وزیراعظم نے BRICS سربراہ کانفرنس کے دوران دہشت گردی کی لعنت کا معاملہ، اجلاس میں امن و سلامتی پر بات چیت کے دوران اٹھایا۔ انھوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سختی سے مذمت کرنے والے رکن ملکوں اور بھارت کے لیے یگانگت کا اظہار کرنے والے ملکوں کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے اِسے بھارت کی روح، شناخت اور وقار پر براہِ راست حملہ قرار دیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ نہ صرف بھارت کے لیے بلکہ پوری انسانیت کے لیے ایک دھچکہ تھا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردی ہرگز برداشت نہیں کی جانی چاہیے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف پابندیاں عائد کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ انھوں نے ایک بار پھر کہا کہ بھارت، تنازعات کے حل اور عالمی امن کے حصول کے لیے مذاکرات اور سفارتی کوششوں کا حامی ہے۔

انھوں نے اگلی سربراہ کانفرنس کے لیے BRICS رہنماؤں کو بھارت میں مدعو کیا جو اگلے سال بھارت کی صدر نشینی میں منعقد ہوگی۔

برازیل کے شہر Rio De Janerio سے سدھیندرا کی رپورٹ کے لیے خبرنامے کے لیے میں.....

PM Outreach Session

وزیراعظم نریندر مودی نے، BRICSارکان، شراکت داروں اور Outreach مدعوئین کے ساتھ ساتھ 17وِیں BRICS سربراہ کانفرنس کے Outreach اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا موضوع تھا ''کثیر ملکیت کو مستحکم کرنا، اقتصادی و مالی امور اور مصنوعی ذہانت''۔

جناب مودی نے اپنے خطاب میں زور دے کہا کہBRICS ، عالمی تعاون اور ایک کثیر قطبی دنیا کے لیے تیز رفتار عمل ہے۔ انھوں نے NDB کی قیادت والے پروجیکٹوں میں مانگ کی بنیاد پر اپنائے جانے والے نظریے اور طویل مدتی مالی پائیداری پر زور دیا۔

وزیراعظم نے زرعی بایوٹیک، ڈجیٹل تعلیمی رسائی میں بھارت کے اقدام کو اجاگر کیا اور BRICS سائنس و تحقیق کے ایک مرکز کے لیے کہا۔

مصنوعی ذہانت AI کے بارے میں انھوں نے ذمہ دارانہ حکمرانی پر زور دیا اور AI' کے اثر والی سربراہ کانفرنس' میں BRICS شراکت داروں کے مدعو کیا۔ یہ کانفرنس اگلے سال بھارت میں منعقد ہوگی۔x

MEA BRICS

اقتصادی تعلقات کے سکریٹری Dammu Ravi نے کہا ہے کہ دو روزہ BRICS سربراہ کانفرنس، تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی حالات وواقعات کے تناظر میں اور زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے۔

Rio de Janerioمیں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے جناب Ravi نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا دورہ اور بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بھارت، BRICSکی اگلے سال صدارت سنبھالے گا۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیراعظم مودی نے ایک بار پھر کہا کہ 20 وِیں صدی کی عالمی تنظیموں میں، 21وِیں صدی کے چیلنجوں سے نمٹنے کی صلاحیت کم تھی، لہٰذا انھوں نے کثیر ملکی تنظیموں کی اصلاح کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

جناب روی نے یہ بھی بتایا کہ جناب مودی نے ایک کثیر قطبی اور سب کی شمولیت والے عالمی نظام کے لیے کہا اور کہا کہ عالمی حکمرانی کے ادارے خاص طور پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل، بین الاقوامی مالیاتی فنڈIMF ، عالمی بینک اور عالمی تجارتی تنظیم WTOکو فوری طور پر اصلاح کے عمل سے گزرنا چاہیے تاکہ دورِ حاضر کے حقائق اور وقت کی عکاسی کی جا سکے۔

جناب روی نے یہ بھی بتایا کہ وزیراعظم مودی نے یہ بھی خاص طور پر کہا کہ BRICS ایک کثیر قطبی دنیا کو تشکیل دینے میں اہم رول ادا کر سکتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جناب مودی نے BRICS گروپ میں سائنس و تحقیق کا مرکز قائم کرنے پر غور کرنے کے ضمن میں کچھ تجویزیں پیش کی ہیں۔

پہلگام دہشت گردانہ حملے کا ذکر کرتے ہوئے جناب روی نے کہا کہ سبھی ارکان نے بھارت کی حمایت کی اور یگانگت کا اظہار کیا، نیز اِس حملے کی سخت مذمت کی۔

انھوں نے یہ بھی بتایا کہ جناب مودی نے خاص طور پر پر کہا کہ پہلگام میں حملہ، پوری انسانیت پر حملہ تھا۔

**PM Malaysia**

وزیراعظم مودی نے، برکس سربراہ کانفرنس سے الگ، ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت۔ملیشیا جامع اہم شراکت داری کے مختلف میدانوں میں پیشرفت کا جائزہ لیا جس میں دفاع، دہشت گردی سے نمٹنے، تعلیم، تجارت و سرمایہ کاری اور دواسازی شامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت۔آسیان شراکت داری پر بھی بات چیت کی۔

جناب مودی نے سربراہ کانفرنس سے الگ کیوبا کے صدر Miguel Diaz-Canal Bermudez سے بھی ملاقات کی۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**EC Bihar**

بہار میں انتخابی فہرستوں کی خصوصی نظر ثانی SIR کا عمل رائے دہندگان کے سرگرم تعاون کے ساتھ خوش اسلوبی جاری ہے۔

ایک بیان میں، چناؤ کمیشن نے مطلع کیا کہ SIR کا ابتدائی مرحلہ تقریباً مکمل ہو چکا ہے اور تمام موجود ووٹروں کو ذاتی معلومات سے متعلق فارم دستیاب کرا دئیے گئے ہیں۔

آج کی تاریخ تک ایک کروڑ 69 لاکھ سے زیادہ فارم موصول ہو چکے ہیں۔ فارم کو اَپ لوڈ کرنے کا عمل بھی شروع ہو چکا ہے۔ اب تک 7 اعشاریہ دو پانچ فیصد فارم اَپ لوڈ کیے جا چکے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Superna Saikya**

چناؤ کمیشن نے اس بات کا اعادہ کیا کہ 24 جون کو خصوصی نظرِثانی SIR کی ہدایات کے مطابق خصوصی نظر ثانی کا عمل جاری ہے اور ہدایات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ہدایات کے مطابق یکم اگست کو جاری ہونے والی انتخابی فہرستوں میں ان افراد کے نام ہوں گے جن کے فارم موصول ہوئے ہیں۔

رائے دہندگان 25 جولائی سے پہلے کسی بھی وقت اپنے کاغذات جمع کرا سکتے ہیں۔ انتخابی فہرست کے مسودے کی اشاعت کے بعد، اگر کسی دستاویز کی کمی ہے، تو انتخابی رجسٹریشن سے متعلق افسران دعوؤں اور اعتراض ظاہر کیے جانے کی مدت میں جانچ پڑتال کے دوران، انتخابی فہرستوں کے مسودے میں نام ظاہر ہونے والے ووٹرز سے وہ دستاویزات حاصل کر سکتے ہیں۔

تقریباً 77 ہزار 895 بوتھ سطح کے آفیسرس BLO گھر گھر جا کر ووٹروں کو ذاتی معلومات سے متعلق فارم بھرنے اور جمع کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ بڑی تعداد میں BLO ووٹروں کو تصویروں پر کلک کرنے کی پریشانی سے بچاتے ہوئے اُن کی لائیو تصویریں لے رہے ہیں اور انہیں اَپ لوڈ کر رہے ہیں جس سے ووٹروں کو ان کی تصویروں پر کلک کرنے کی پریشانی سے بچایا جا رہا ہے۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

**Bihar vaishnaw**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو آج بہار کا دورہ کریں گے وہ سمتی پور ضلعے میں کَرپُری گرام ریلوے اسٹیشن میں 17 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے تعمیراتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔

ریلوے کے وزیر موصوف کرپری گرام اسٹیشن کی جدید کاری کے کام کا سنگِ بنیاد رکھیں گے جس پر تین کروڑ 30 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی۔x

**IMD Weather**

دلّی NCR کے علاقوں میں آج صبح سویرے بارش ہوئی۔ آسمان اَبر آلود ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، وسطی مہاراشٹر اور وِدربھ کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آج اتراکھنڈ، گجرات، کونکن، گوا، اُڈیشہ، مدھیہ پردیش، ساحلی کرناٹک اور اترپردیش سمیت ملک کے شمال مغربی علاقوں میں گرج چمک اور جھکّڑ دار ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ IMDنے ملک کے شمال مغربی، شمال مشرقی، وسطی اور جنوبی جزیرہ نما علاقوں میں اگلے 7 دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

**Texas - Floods Toll**

امریکہ کے ٹیکساس میں تباہ کن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 80 ہو گئی ہے، جن میں 28 بچے بھی شامل ہیں۔ 11 لاپتہ لڑکیوں اور دریائے Guadalupe کے قریب واقع سمر کیمپ Camp Mysticکے ایک کونسلر کی تلاش کی کوششیں جاری ہیں۔ یہاں موسلا دھار بارش کی وجہ سے دریا میں طغیانی آنے سے سیلاب آگیا۔ جمعہ کو آنے والے اچانک سیلاب نے Kerr Countyاور Texas Hill Country کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ Kerr County میں سمر کیمپ واقع ہے۔ یہاں سب سے زیادہ جانی نقصان ہوا ہے۔ Sheriff Larry Leitha نے تصدیق کی کہ Kerr County میں 68 افراد مردہ پائے گئے ہیں، جن میں 28 بچے بھی شامل ہیں۔

اس کے علاوہ Travis County میں پانچ افراد، Burnet Countyمیں تین، جبکہ Kendall Countyمیں دو، Tom Green Countyاور Williamson County میں ایک-ایک شخص کے ہلاک ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ Kerr County کے ایک اہلکار کے مطابق، Camp Mysticکے شریک مالک اور ڈائریکٹر Richard Dick Eastland کی بھی موت کی تصدیق ہو گئی ہے۔ امریکی ساحلی محافظ دستے کی مدد سے امدادی کارروائیاں بارش اور موسم کی خرابی کے باوجود جاری ہیں۔x